ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (561)

21.10.2023

**بہاولپور(      )ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو متعدد احکامات جاری کر دیئے۔ جملہ پولیس آفیسران محنت اور جانفشانی سے اپنے کام کو یقینی بنائیں اور عوام الناس کے لئے اخلاقیات کا دائرہ کار وسیع کریں، اشتہاری ملزمان اور منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیوں کو مزید تیز کیا جائے۔ڈی پی او**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی ہدایات کی روشنی میں ڈی پی او سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران سماج دشمن عناصر کی گرفتاریوں کے و دیگر معاملات کے متعلق احکامات جاری کرتے ہوئے کہا کہ منشیات فروشوں اور مجرمان اشتہاریوں کے خلاف جاری مہم کو مزید تیز کیا جائے، ان کی فہرستیں تیار کی جائیں اور تکنیکی وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ آئی ٹی کی ٹیمیں تھانوں کی سطح پر افسران سے تعاون کر کے ملزمان کی نقل وحرکت کا تعین کریں اور ہر ممکن وسائل کو استعمال کرتے ہوئے منشیات فروشی کا خاتمہ کیا جائے۔دیگر مقدمات کے حوالے سے بھی ڈی پی او کی طرف سے واضح ہدایات جاری کی گئی ہیں کہ  مقدمات کے اندراج کا دورانیہ متعین کر دیا گیا ہے تا کہ شہریوں کو  "نہ انتظار، نہ سفارش، نہ رشوت  "کے نظریہ کے تحت خدمات فراہم کی جا سکیں۔قتل، اقدام قتل، بدکاری /بدفعلی، اغوا برائے تاوان اور ضرر کے مقدمات میڈیکل لیگل سٹیفکیٹ کے حصول کے بعد 8 گھنٹے کے دورانیہ میں مقدمات درج کیے جائیں گے۔اسی طرح چھینا جھپٹی، چوری، گاڑی کا چھیننا، گاڑی چوری، ڈکیتی اور راہزنی کے مقدمات کے اندراج کا زیادہ سے زیادہ دورانیہ 24 گھنٹے ہے جبکہ مالیاتی دستاویزات و معاملات سے متعلق مقدمات کا اندراج زیادہ سے زیادہ 5 دن کے اندر اندر ہو۔انہوں نے مزید کہا کہ اگر کسی بھی آفیسر نے جاری کردہ ہدایات و وضع کردہ پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی نہ بنایا تو اس متعلقہ آفیسر کو سخت محکمانہ احتساب سے گزرنا پڑے گا، روزانہ کی بنیاد پر پراگرس چیک کروں گا، اور شہریوں سے فیڈ بیک لیا جائے گا، ڈی پی او نے مزید کہا کہ اگر کسی شہری کو اس معاملہ میں پولیس سے کوئی بھی شکایت ہو تو میرے دفتر کے دروازے ہمیشہ کھلے ہیں، شہریوں کی شکایت کا ہر ممکن ازالہ کیا جائے گا۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**




بہاولپور: ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سید محمد عباس نے ضلع بھر کے پولیس افسران کو اپنی پراگرس مزید بہتر بنانے کے حوالے سے متعدد احکامات جاری کر دیئے